ہیلو.

اگر آپ بیرون ملک سے کووینٹری پہنچ چکے ہیں تو ہماری سیٹلمینٹ ٹیم آپ کے بچوں کے لئے اسکول کی جگہ تلاش کرنے میں مدد کرے گی.

جب آپ ہمیں فون کرتے ہیں تو ہم آپ سے درج ذیل سوال پوچھیں گے:

- آپ کا خاندانی نام کیا ہے؟
- کووینٹری میں آپ کا پتہ کیا ہے؟
- آپ کا رابطہ ٹیلی فون نمبر کیا ہے؟
- جن بچوں کواسکول کی ضرورت ہے ان بچوں کے نام کیا ہیں؟
- آپ کی اور بچوں کی مادری زبان کیا ہے؟
- کیا آپ کے خاندان میں کوئی ہے جو انگریزی بول سکتا ہے؟

ایک بار جب آپ نے ان سوالات کا جواب دےدیا توایک سیٹلمینٹ آفیسر آپ کو بعد میں کال کریں گے اور گھر میں آپ سے ملنے کا وقت مقرر کریں گے. اس میٹنگ کے لئے آپ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کی شناختی دستاویزات تیار ہیں. افسران کو یہ دیکھنے کی ضرورت ہے تا کہ اس بات کا یقین کرلیں کہ بچے کون ہیں اور محفوظ ہیں.

ان دستاویزات میں شامل ہیں:

- پاسپورٹ
- ID کارڈ
- ویزا
- پیدائش کے سرٹیفکیٹ

میٹنگ میں آپ افسران کو بتا سکتے ہیں کہ:

- آپ کونسا اسکول چاہتے ہیں۔
- اگر آپ کے بچے کو کوئی تعلیمی، مذہبی یا صحت کے بارے میں خاص ضرورت ہے -
- اگر آپ کو آپ کے بچے کے نیا سکول شروع کرنے میں کوی پریشانی ہے۔
- کچھ بھی آپ چاہتے ہیں کہ افسران جان لیں۔

سیٹلمینٹ ٹیم افسران آپ اور آپ کے خاندان کی مدد کرنے کے لئے یہاں ہیں.